<u>جناب سپیکر:</u> منسټر صاحب! تاسو په دے سلسله کښے ایشورنس ورکوئ کنه؟

<u>وزیر قانون و پارلیمانی امور:</u> بالکل، او جی ایشورنس ورکوؤ۔

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی:</u> پوائنٹ آف آرڈر جناب سپیکر صاحب!

<u>جناب سپیکر:</u> ثاقب الله خان! او د ریږه چه دا ختم شی نو بیا به تاسو اووایئی جی۔
Jee Javed Abbasi Sahib. Javed Abbasi Sahib, please move his Adjournment Motion No. 126, in the House.

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> Thank you very much۔ " جناب سپیکر! صوبائی اسمبلی کی معمول کی کارروائی روک کر ایک اہم مسئلے پر بحث کرنے کی اجازت دی جائے اور وہ یہ کہ وفاقی حکومت بجلی رائلٹی کی ضمن میں عوام، منتخب نمائندوں اور سیاسی جماعتوں نے جان لڑا کر وفاقی حکومت کو رائلٹی کی رقم صوبے

کو دینے پر مجبور کیا اور سر، پہلی قسط یعنی دس ارب روپے کی رقم مل چکی ہے اور بقایا رقم جلد دینے کی یقین دہانی کرائی گئی ہے۔ عوامی طاقت، سیاسی جماعتوں کی جدوجہد اور سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر صوبے کی حقوق کی جنگ لڑی گئی ہے اور بالآخر کامیابی نصیب ہوئی ہے۔ بجلی پیدا کرنے میں ہزارہ ڈویژن کی عوام کی قربانیاں بے شک کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں جس کیلئے انہوں نے اپنے گھر بار چھوڑ دیئے اور جانی و مالی قربانیاں دی ہیں۔ چونکہ بجلی کی پیداوار کا مرکز ہزارہ ڈویژن ہے جناب سپیکر اور رائلٹی کی مد میں وصول شدہ رقم میں سے پچاس فیصد رقم جو ہے وہ ہزارہ ڈویژن کو دی جائے"۔

جناب سپیکر! جناب سپیکر، میں یہ ایڈجرنمنٹ موشن اس لئے لایا تھا اور یہ بہت Important ہے اور مجھے یقین ہے کہ میرے دوست اس پر توجہ دینگے۔ میں صوبائی حکومت، چیف منسٹر صاحب، ان کی کیبنٹ، تمام سیاسی جماعتوں کے قائدین، پارلیمنٹیریز، مرکزی حکومت اور پرائم منسٹر آف پاکستان کا بے حد مشکور اور ممنون ہوں کہ ایک عرصہ سے جو ڈیمانڈ کی جا رہی تھی، انہوں نے ہماری بات مان لی ہے اور پہلی دفعہ ہمارا یہ جائز مسئلہ نہ صرف انہوں نے مانا ہے بلکہ اس کی پہلی قسط بھی صوبے کے حوالے کی گئی تو میں اس کیلئے فیڈرل گورنمنٹ کا بھی بڑا مشکور ہوں۔ جناب سپیکر، اب مجھے اپنے ان دوستوں پر پورا یقین ہے کہ جب یہ مرکز میں جا کر صوبے کا کیس لڑتے تھے تو ہم سارے لوگ ان کے ساتھ کھڑے تھے اور ہم کہہ رہے تھے، بتا رہے تھے کہ یہ ہمارا کیس ہے، یہ ہمارا حق ہے، یہ رائٹ ہمیں ملنا چاہیئے اور اب جب وہ حق ان کے پاس آگیا ہے، جب رائلٹی کی رقم ان کو ملنا شروع ہو گیا ہے تو اب میں ان کا بھی انصاف دیکھ رہا ہوں کہ جو بات یہ مرکز میں جا کر اس کو لینے کیلئے کیا کرتے تھے تو وہی بات میں آج ان کے آگے رکھ رہا ہوں کہ جناب سپیکر، یہ ہزارہ ڈویژن کیلئے رائلٹی کی مد میں پچاس فیصد یعنی ساٹھ ارب روپے فوری طور پر ہزارہ ڈویژن کے اضلاع کے حوالے کریں۔ جناب سپیکر، جس رائلٹی کی بات کی جا رہی ہے، جس بجلی کی آج بات کی جا رہی ہے تو جناب سپیکر، ہمارے آباواجداد نے قربانیاں دی ہیں، ہمارے گاؤں اجڑے ہیں، ہمارے بازار اجڑے ہیں، ہمارے لوگ آج بھی اس طرح دیکھ رہے ہیں جس طرح کسی اجڑے ریاست کے لٹے ہوئے شہزادے گھوم رہے ہوتے ہیں۔ جناب سپیکر، آج بھی وہی عالم ہے اور ہم نے کبھی بھی الحمد اللہ۔۔۔۔

(اس دوران واجد علی خان، بشیر احمد بلور اور سید عاقل شاہ آپس میں باتیں کر رہے تھے)

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: جناب بلور صاحب، منسٹرز صاحبان کو وقت دیا جائیگا کہ یہ کانفرس، میٹنگ کر لیں لیکن پہلی میری بات سن لیں۔ جناب سپیکر، ہم نے کبھی بھی یہ بات نہیں کی اور آج بھی ہمیں الحمد اللہ فخر

ہے، ہم نے اپنے آباواجداد کی قربانیاں دیکر، اپنے آپ کو اجاڑ کر، سب کچھ قربان کر کے اس ملک کو روشن کیا ہوا ہیں، آج اس پورے ملک کی انڈسٹریز چل رہی ہیں، آج یہ ملک سارا اندھیروں میں ہوتا اگر یہ قربانی ہم نہ دیتے، اس کیلئے ہمیشہ ہمیں اپنے آباواجداد پر فخر ہے۔ جناب سپیکر، یہ کوئی معمولی بات نہیں اور اس کو مذاق نہ لیا جائے جب دوسرے ڈیمز بنانے کی بات ہوئی ہے، جب کہا گیا کہ کالاباغ ڈیم بنالیں، کاش اگر وہ ہوتا تو کوئی ڈیم آج بنے ہوتے۔ آج جس بجلی کے بحران اور اندھیروں سے ہم گزر رہے ہیں تو یہ نہ ہوتا لیکن اس وقت لوگ، وہ شاید حق پہ تھے اور سیسہ پلائی دیوار کی طرح لوگ کھڑے ہوگئے، انہوں نے کہا کہ ہم اپنے زمینوں کو نہیں اجاڑیں گے، ہم اپنے بستیوں کو نہیں اجاڑیں گے، اپنے گھروں کو نہیں اجاڑیں گے۔ جناب سپیکر، ہم نے اس کیلئے قربانیاں دی ہیں اور الحمد اللہ تربیلہ کے مقام پر آج جو بجلی پیدا ہو رہی ہے، اس وقت ہمارے بزرگوں نے جو قربانیاں دی تھیں جناب سپیکر، اس علاقے کے لوگوں نے اپنے شہر اجاڑے تھے اور آج جب پیسہ ملنے کا وقت آگیا تو ان کے زبان پر صرف ایک ہی بات ہے، میں ایک شعر آپ کی نذر کرتا ہوں اور میں اس کو شعر میں بتاتا ہوں کہ:

ے ہمارا خون بھی شامل ہے تزئین گلستاں میں
ہمیں بھی یاد کر لینا چمن میں جب بہار آئے

جناب سپیکر، آج چونکہ پیسہ ملنا شروع ہو گیا ہے اور دس ارب روپیہ مل گیا ہے تو پانچ ارب روپیہ فوری طور پر ہزارہ ڈویژن کے حوالے کیا جائے اور یہ بات میں اس لئے بھی کر رہا ہوں، اس پر میں ذرا زور دونگا کہ ابھی تھر کے مقام پہ تیل اور گیس کے ذخائر برآمد ہوئے اور مجھے خوشی ہے کہ حکومت نے وہاں اس کیلئے رائلٹی مقرر کر دی۔ ان علاقوں کیلئے جو Tobacco growing districts ہیں، ان کیلئے بھی رائلٹی مقرر کی گئی ہے تو مجھے اس پر بھی خوشی ہے۔ میں یہ کہتا ہوں کہ کاش یہی سلوک ہزارہ کے لوگوں سے بھی ہوتا اور اس دن سے ہوتا جناب سپیکر، جس دن سے رائلٹی کلیم کی جاتی ہے، اگر اس دن سے ہمیں رائلٹی دیتے تو آج جناب بلور صاحب! ہمارا نوے ارب روپے آپ کے ذمے بنتا ہے، نوے ارب روپیہ لیکن پھر بھی ہمارا دل بڑا ہے اور ہم کہتے ہیں کہ صرف پچپن ارب روپیہ فوری طور پر ہزارہ کے ڈسٹرکٹس کو دیئے جائیں۔ جناب، وہاں محرومیوں کا خاتمہ صرف اسی صورت میں ممکن ہو سکتا ہے اور مجھے یقین ہے کہ یہاں پر جو جماعتیں بیٹھی ہوئی ہیں، جو ہمیشہ صوبائی خود مختاری کی بات کرتی ہے اور مجھے یقین ہے کہ ان کا عقیدہ مضبوط ہے اور اپنے عقیدے پر قائم ہیں۔ جب فیڈرل گورنمنٹ نے دل بڑا کر کے پیسہ ان کو دیا ہے تو اب

ان کا بھی ہم ظرف دیکھتے ہیں کہ یہ اپنے ڈسٹرکٹس کے ساتھ کیا سلوک کرتے ہیں؟ یہ بھی ان کا ظرف ہے کہ یہ ڈسٹرکٹس کے ساتھ اور سپیشل ہزارہ ڈویژن کے ساتھ وہی سلوک کریں۔ ہمیں خوشی ہے کہ ملاکنڈ ڈویژن کیلئے ایک پیکج آیا ہے اور وہاں War on terror پر لوگوں نے بڑی قربانیاں دی ہیں، ان کا سب کچھ لٹ گیا تھا تو ہمیں خوشی ہوئی ہے کہ پرائم منسٹر آف پاکستان نے پیسے دیئے ہیں، ہم اس کو سپورٹ کرتے ہیں لیکن جناب سپیکر، یہ ہمارا حق ہے، یہ ہمارا حق ہے، یہ ہمارا رائٹ ہے اور ہم کسی صورت پر، جناب سپیکر، میں یہاں بڑا آہستہ آہستہ بول رہا ہوں کہ کہیں دوست یہ نہ کہہ دیں کہ میں نے جذباتی بات کی ہے۔ میں جذباتی بات نہیں کر رہا، یہ ہمارا حق ہے، ہمارا رائٹ ہے جس سے کسی صورت ہم پیچھے نہیں ہٹیں گے۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: انشاء اللہ۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: اور جناب سپیکر، آپ سے بھی میری ایک درخواست ہے، آج آپ نے حکمرانوں کی طرف نہیں دیکھنا (تالیاں) آج ہزارہ کی عوام اور لوگوں کی نظریں آپ پر لگی ہیں۔ جناب سپیکر، میری یہ ایڈجرنمنٹ موشن اس ہاؤس میں Accept کی جائے تاکہ اس پر لوگ بات کریں اور میرے دوست بات کریں، ہمیں بات کرنے دیں اور ہمارا رائٹ یہاں پہ Determine ہونا چاہیئے چونکہ ہزارہ میں پہلے سے لوگوں کے شدید احساسات ہیں، آج جب ہماری حق کی بات آئے گی اور مجھے یقین ہے انشاء اللہ، مجھے اپنے دوستوں اور حکومت پر یقین ہے کہ جب وہ کیس فیڈرل کے پاس لے جارہے تھے تو تمام سیاسی جماعتیں ان کے ساتھ کھڑی تھی۔ آج جب ہمارے حقوق کی بات آئی ہے، جب ہمارے حق کی بات آئی ہے، جب ہمارے بچوں اور آباواجداد کی قربانیوں کا وقت تھا تو اس وقت ہم کھڑے رہے۔ آج جب ان کو Pay back کرنے کا وقت ہے تو مجھے یقین ہے جناب سپیکر، کہ انشاء اللہ یہ معزز ایوان بھی میرے ساتھ کھڑا ہوگا۔ میں ایک آخری شعر کے ساتھ اور مجھے یقین ہے جناب سپیکر، کہ اس ایڈجرنمنٹ موشن کو آپ اس طرح Kill نہیں کریں گے جس طرح عام چیزوں کو کر دیا کرتے ہیں۔ وہ ٹھیک ہے لیکن یہ ہماری بہت بڑے حق کی بات ہے تو میں حکومت کی نذر صرف ایک شعر کرتا ہوں کہ:

ے میری ضرورتوں سے زیادہ مجھ پر کرم نہ کر
ایسا سلوک کر دیں جو میرے حسب حال ہو

(تالیاں)

Mr. Muhammad Javed Abasi: Thank you very much, Janabe Speaker.

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ حکومت کی جانب سے، ٹریژری بنچز کی جانب سے جناب رحیم داد خان صاحب، جناب رحیم داد۔

جناب سردار علی: جناب سپیکر! یوه خبره کوم۔

جناب سپیکر: هاں جی؟

جناب سردار علی: جناب سپیکر! صرف یوه خبره کوم۔

جناب سپیکر: نه، دا چه کله ایډمټ شی کنه، تا سو به پرے هله خبرے کوئ۔

جناب سردار علی: جناب سپیکر! یوه خبره مے کوله۔

جناب سپیکر: نو اوس خو هغوی پیش کړو، حکومت به جواب ورکړی چه کله بیا دا ایډمټ شی نو بیا به پرے تا سو هله خبرے کوئ۔

جناب سردار علی: یوه خبره کوم۔

جناب سپیکر: څه سردار علی خان، پریږدئ، چلو اس کو دے دیتے ہیں، بہت عرصہ بعد اٹھے ہیں۔ جی سردار علی خان۔

جناب سردار علی: جناب سپیکر صاحب، زمونږ د دے ورور دا خبره صحیح ده خو دا چه کومے پیسے ټولے راغلے دی، دا د هزاره او صوابئ له نیمے کړی او نور خلق ترے بے غمه کړئ۔ زمونږ بس دا درخواست دے جی۔

جناب سپیکر: جی، جناب رحیم داد خان صاحب۔

جناب رحیم داد خان {سینیئر وزیر (منصوبہ بندی)}: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! زهٔ د عباسی صاحب په شان په مزه خبرے نه شم کولے۔

(قہقہے)

سینیئر وزیر (منصوبہ بندی): جناب سپیکر! ځومره پورے چه د هزارے د ورونړو قربانی ده نو هغه د چا نه پټه نه ده۔ د پاکستان آزادی او د پاکستان ودانی، نو په دے دغه باندے به زهٔ دوئ ته عرض او کړم چه نور ځومره ډویژنز دی، ډسټرکټس دی نو هغوی هم د چا نه قربانئ کمے نه دی ورکړی او دا نمونه کوئسچنز چه

راځی نو Larger interest کښے مونږ سوچ کوؤ او په هغے دغه باندے چه کوم دے بیا په مینځ کښے ډویژن ته ځی او دا نمونه کوئسچنز لکه چه یوه بله جدا صوبه وی، مونږ دا وخت تیروؤ، شریک تیروؤ او د چا حق تلفی نه کوؤ۔ دا د نټ هائیډل پرافټ پیسے چه کومے راغلے دی، د دے Decision شوے دے چه دا به هم په دغه مد کښے یعنی په هائیډل بجلو لگوؤ او بیا د هغے دپاره سائټس څه دی؟ چه څومره نورو ځایونو کښے دی نو د هغے نه زیات په هزاره کښے سائټس دی او په هغے باندے دی جی۔ نو دا به په Need basis باندے کوؤ او د دے ځیز د پاره مونږ دا دغه کړی دی خاصکر دے هائیډل ته، شیډو دغه ته چه د دے نه ریټرن هم ډیر دے، په دے چه مونږ په خپلو پښو اودریږو، تش د مرکز نه خپل حق واخلو او دلته ته ئے خرچ کوؤ خو مونږ وایو چه داسے مناسب دغه باندے مونږ خرچ کړو چه د هغے مونږ ته ریټرن نه وی، سبا بیا بیا ځیزونو باندے چه کوم مونږ په خپل دغه باندے نه اودریږو او انشاء اللّٰه تعالیٰ دا حق تلفی به نه کیږی۔ مونږه یو شان وخت تیروؤ، لکه د صوابئ دوست چه خبره اوکړه، هغه وائی چه یره دا دغه خو بیا په صوابئ کښے دے نو ټول دغه د صوابئ ته ملاؤ شی۔ دغه شان نور گیس په سدرن ډسټرکټ کرک کښے دے، سبا به بیا هغوی وائی چه دا ټول پرافټ د په هغے باندے یوټیلائز شی۔ نو مونږ په شریکه ژوند تیروؤ او په خپله د دے صوبے ترقی غواړو۔ په دیکښے یو هم داسے دغه نشته چه دا به په مردان او پیښور کښے لگی، دا داسے ځایونه دی چه چرته اوبه وی نو په هغه ځایونو، هغه سائټس او دا نمونه پراجیکټس باندے به لگی۔ نو انشاء اللّٰه تعالیٰ مونږه ایډورټائز کړی هم دی، دا دغه مو ښودلی دی او د ټولو نه زیات سائټس په هزاره کښے دی۔ انشاء اللّٰه تعالیٰ زهٔ دوئ له تسلی ورکوم چه دا نمونه حق تلفی به نه کیږی، دا به برابر هر ځائے کښے او Need basis باندے به کوؤ۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! شاید محترم منسٹر صاحب کو میں بات سمجھا نہیں سکا۔ وہ بالکل، انہوں نے جو جواب دیا ہے، میرے مطابق وہ Relevant ہی نہیں رہا۔ اگر وہ کہتا ہے کہ یہ سارے صوبے کا حق تھا تو پھر ہم کہتے ہیں کہ یہ پاکستان بھی ہمارا ہے، ہم اپنا یہ ڈیمانڈ کیوں لیکر گئے تھے؟ پاکستان سے ہم نے کیوں لڑائی لڑی تھی؟ ہم نے کہا کہ یہ ہمارے صوبے کا حق ہے اور جب صوبے کا حق ہوتا ہے تو اس میں ہم نے لڑائی لڑی تھی۔ الحمدللہ یہ پورا ملک ہمارا تھا اور ہم کہتے ہیں کہ ٹھیک ہے فیڈرل گورنمنٹ جہاں

چاہے خرچ کرلے اور جناب سپیکر! میں نے اس لئے کہا تھا کہ یہ بجلی پیدا کرنے والا تربیلہ ڈیم تو ہزارہ میں واقع ہے اور جناب، ہزارہ کے لوگوں نے قربانی دی ہیں۔ کرک کیلئے تیل اور گیس کی جو رائلٹی آج انہوں نے مقرر کی ہے تو ہم کہتے ہیں کہ اگر اسی فارمولے کے مطابق بھی ہمارے پیسے ہمیں دیئے جائیں تو پھر بھی ہمارا نوے ارب روپیہ بنتا ہے اور منسٹر صاحب نے جو جواب دیا ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی جاوید عباسی صاحب!

جناب محمد جاوید عباسی: اور منسٹر صاحب نے جو بات کی ہے، بجلی ہم پیدا کر رہے ہیں، پیسہ ہم کہاں لگا رہے ہیں، یہ ہم نے نہیں پوچھا؟ جناب، اس کیلئے ہم نے یہ نہیں پوچھا کہ آپ کونسا پراجیکٹ کہاں پر لگا رہے ہیں؟ سر، ہم صرف ایک بات کہہ رہے ہیں کہ آپ کو فیڈرل گورنمنٹ نے جو ایک سو دس ارب روپے دیئے ہیں، اس میں پچپن ارب روپے ہمارا حق ہے تو ہمارے حوالے کیا جائے۔ جناب سپیکر، اس بات پر ہماری آپ سے ریکویسٹ ہے کہ اس کو آپ ایڈمٹ کریں، اس پر ووٹنگ ہوں، ہم اس پر بحث کریں گے اور ہم اپنا کیس ثابت کریں گے۔ لہذا مہربانی کرکے پہلے ہماری ایڈجرنمنٹ موشن کو ایڈمٹ کیا جائے جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: آپ Stress کرتے ہیں کہ اس کو ایڈمٹ کریں؟

جناب محمد جاوید عباسی: جی سر، میں بالکل، ہم اس پر Stress کرتے ہیں۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: اکرم خان! تاسو څه وایئ، ڈسکشن کیلئے ایڈمٹ کریں؟

جناب محمد جاوید عباسی: جی جی۔

جناب سپیکر: جی اکرم خان! تاسو هم دا وایئ، د دوئ Favour کوئ۔

قائد حزب اختلاف: محترم سپیکر صاحب! میرے خیال میں جاوید عباسی صاحب نے جو بات کی، اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ہزارہ کے لوگوں اور خصوصاً تربیلہ اور ہری پور کے لوگوں نے جو قربانیاں دی ہیں، وہ اتنی زیادہ ہیں کہ ہم اگر اس کو کتنی بار، خصوصاً ہری پور اور ہزارہ کی بات کریں تو میرے خیال میں ان کے آباواجداد کی ہڈیاں پانی لیکر گئے ہیں اور اس کی وجہ سے ہمیں کچھ مل رہا ہے، اس میں بالکل کوئی شک والی بات ہے بھی نہیں۔ چونکہ ایک سو دس ارب روپے کی بات آگئی تو ہماری گورنمنٹ نے اس وقت Negotiation شروع کی اور خدا کے فضل سے اس وقت جو Commitment ہوئی تو وہ پوری ہوئی

اور اسی کو بنیاد بنا کر جہاں سے تیل اور گیس نکلتا ہے تو وہ ہمارے کرک اور کوہاٹ کے اضلاع ہیں۔ تمبا کو چارسدہ، مانسہرہ، مردان، بونیر اور جو سات اضلاع ہیں، ان کی تمباکو کی پیداوار سے صوبے میں بہت زیادہ کچھ آرہا ہیں۔ ایم ایم اے کی گورنمنٹ میں پانچ فیصد اس آمدن میں سے خواہ وہ تمبا کو ہو، خواہ بجلی ہو، خواہ گیس ہو اور تیل کی صورت میں ہم نے انہی اضلاع کیلئے Recommend کی کہ ان اضلاع کو ملے گی۔ میں گورنمنٹ سے گزارش کروں گا اور عباسی صاحب کا میں ساتھ دے رہا ہوں پورے ہزارہ کا لیکن ساتھ میں کوہاٹ اور ان سات اضلاع کی بھی بات کر رہا ہوں جہاں پر تمباکو سے آمدن حاصل ہو رہی ہے۔ آج چونکہ ہمارے پاس وسائل موجود ہیں، پیسہ آیا ہے۔ ہم نے جو فیصلہ کیا تھا، وہ تو اس وقت آنے والا تھا تو یہی گورنمنٹ بھی، پیپلز پارٹی کے لوگ تھے ہمارے ساتھ، اس وقت اے این پی اور پیپلز پارٹی کے ساتھیوں نے کہا کہ یہ پانچ فیصد کم ہے تو ہم نے کہا تھا کہ اگر مزید آجائے تو ہم اس میں سے اور بھی دیں گے۔ تو میری گزارش ہے کہ ابھی ان تمبا کو کے اضلاع اور جہاں سے تیل و گیس کی پیداوار ہے خصوصاً ہری پور اور ہزارہ جہاں سے بجلی کی پیداوار ہے، ابھی میں تجویز دیتا ہوں کہ اس کو بڑھا کر اگر پانچ فیصد سے بیس فیصد کروا سکتے ہیں پھر بھی اچھا ہوگا، (تالیاں) اگر پندرہ فیصد کروا سکتے ہیں تو پھر بھی اچھا ہوگا لیکن میرے خیال میں ان لوگوں کی قربانیوں کو ہم نے مدنظر رکھنا ہے کیونکہ جو ضلع جتنا قربانی دیتا ہے تو اتنا ہی اس کو پھل بھی دیا جائے۔ میرے خیال میں کہیں پر بھی ہمارے صوبے میں لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ نہیں ہوگا، کرک کے لوگ پرسوں بھی نکلے ہیں، ان کے بھی کچھ گزارشات ہیں، یہی تیل اور گیس کے سلسلے میں تو مجھے گورنمنٹ سے یہی امید ہے۔ باقی ہمارے سینیئر منسٹر پلاننگ رحیم داد خان نے یہاں پر جو بات کی تو میرے خیال میں اس کو ہائیڈل میں استعمال کیا جائے اور اس میں کوئی بات نہیں ہے۔ ہم نے ملاکنڈ تھری کو جب بنایا تو آج اس سے بھی ایک ارب روپے اس صوبے کو آرہے ہیں تو اسی طرح اور بھی۔۔۔۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: دو ارب۔

<u>قائد حزب اختلاف</u>: دو ارب روپے۔ چونکہ اس وقت ہم نے ایک ارب Assessment کیا تھا اور ابھی دو ارب روپے آرہے ہیں۔ ابھی مزید پیسے اسی پر لگا کر لیکن ان اضلاع کی جو قربانیاں ہیں تو اس کو بھی مدنظر رکھ کر پانچ فیصد سے بڑھا کر بیس فیصد ہو، پندرہ فیصد ہو، دس فیصد ہو تو میرے خیال میں اگر ہم ایک متفقہ قرارداد لائیں، اس تحریک التواء کو ہم قرارداد کی شکل میں لے آئیں اور متفقہ طور پر اب اسمبلی سے پاس کر دیں کہ گورنمنٹ پر بائنڈنگ ہو اور اس پر عمل کر سکیں۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: نہیں، آپ Stress کرتے ہیں اس ایڈ جرنمنٹ موشن پر ڈیبیٹ کیلئے؟

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: جی ہاں۔

<u>قائد حزب اختلاف</u>: جی ہاں۔

<u>Mr. Speaker</u>: Is it the desire of the House that the Adjournment Motion moved by the honourable Member may be admitted for detailed discussion under rule 73? Those who are in favour of it may say 'Aye'

<u>Voices</u>: 'Ayes'.

<u>Mr. Speaker</u>: And those against it may say 'No'.

<u>Barrister Arshad Abdullah (Minister for Law)</u>: 'Noes'.

<u>Mr. Speaker</u>: 'Ayes' have it. The Adjournment Motion is admitted for detailed discussion.

(Applauses)

<u>Mr. Speaker</u>: Item No. 7…

(Interruption)

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی</u>: جناب سپیکر صاحب! پوائنٹ آف آرډر، بخښنه غواړم۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی ثاقب اللہ خان صاحب۔

ناروا لوڈ شیڈنگ اور پے اینڈ پنشن کمیشن کی تساہل پر بحث

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی</u>: ډیره مهربانی جناب سپیکر صاحب۔ سر، یو ډیره ضروری مسئله ده او د ژوندون مسئله ده څکه ستاسو نه دا ټائم اخلمه او د دے ایوان توجه غواړمه چه دوئ ټول په دیکښے مونږ سره کمک هم اوکړی او ملګرتیا هم اوکړی۔ سر، څنګه چه تاسو ته پته ده چه د واپډا لوډ شیډنګ دے، روزانه کیږی، په کلو کښے هم کیږی، شیډول لاندے هم کیږی او د ان شیډول لاندے هم کیږی۔ دا اوس مسئله ده او مونږ ورته ځان ټینګ کړے دے جی خو هغے کښے یو لوئ پرابلم دا جوړیږی لګیا دے چه زمونږه لوئ هسپتالونه دی جی، ایل آر ایچ دے، ایچ ایم سی دے، شیرپاؤ دے او دغسے نور هسپتالونه دی او دلته چه کله شیډول کښے لوډ شیډنګ کیږی نو څه مسئله نه وی، اکثرو سره جنریټرز شته دے او چه چا سره جنریټرز نه وی نو هغه هم څه بندوبست اوکړی، دغه اوکړی خو چه چرته د

شیډول نه اخوا لوډ شیډنګ کیږی لکه چه نن سبا ډیر زیات کیږی نو هلته ژوند ته بیا ډیرے خطرے وی۔ جناب سپیکر صاحب، زما په نوټس کښے په دے هفته کښے څلور داسے آپریشنز راغلی دی په ایچ ایم سی کښے چه چرته د Anesthesia لاندے Patients وو او ان شیډول لوډ شیډنګ اوشو، نو که بیا جنریټر لګی هم خو ټائم لګی، دوه درے منټه لګی نو چه کله مریض د Anesthesia لاندے په ټیبل پروت وی، د چړو لاندے وی نو دا یو منټ دوه ډیر زیات ضروری وی۔ سر، زما ریکویسټ دے چه په Immediate basis باندے تاسو د واپډا د دے ځائے چیف ایګزیکټیو ته دا یو ډائریکشن ورکړئ چه هغه چیف ایګزیکټیو د خامخا د دے ټولو غټو هسپتالونو سره رابطه کښے وی او دا شیډول چه کله چینج کیږی نو چه هغوی ته پته وی، په دیکښے خو خلق مری او مونږ ډیر خوش قسمته یو چه خدائے خیر کړو او هغه مریضان بچ شو جی خو دا پرابلم دے جی۔ بل جناب سپیکر صاحب، هم دغه ریلیشن کښے په ډیرو هسپتالونو کښے، اوس به زۀ مثال د ایچ ایم سی ورکړمه چه هغلته یو پچاس کے وی اے جنریټر دے خو پچاس کے وی اے جنریټر په دے لوډ شیډنګ کښے هغوی ته مکمل کار نه کوی، د هغوی هغه مطالبه چه څومره د پاؤر ده نو هغه نه پوره کوی۔ هر یو ډسټرکټ کښے پیک جنریټرے پرتے دی، د ګورنمنټ سره دی خو هغه خالی د پټرول او د کول چارجز د وجه نه نه آپریټ کیږی۔ زما ریکویسټ دا دے، منسټر صاحب نشته او مشران ناست دی جی، ستاسو د وجه نه چه فوری طور باندے کومو هسپتالونو سره جنریټرے پرتے دی، پیک پرتے دی او استعمالیږی نه نو دا د شفټ شی دے غټو هسپتالونو ته چه دے مریضانو ته په لوډ شیډنګ کښے دغه کیږی۔ سر، که یو سړے هم د لوډ شیډنګ د وجه نه چرته خدانخواسته وفات شو، دغه شو نو دا ذمه واری به زمونږ د ټولو وی۔ جناب سپیکر، زۀ دا ریکویسټ کوم چه په دے باندے فوراً څه ډائریکشن ورکړئ جی۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u>جناب سپیکر صاحب!

<u>ملک قاسم خان خٹک:</u>پوائنٹ آف آڈر جی۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> دواړو کښے یو شئ نو چه کوم۔۔۔۔

(قطع کلامی)

Mr. Speaker: Ladies first, Nighat Bibi first, Ladies first.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، جولائی میں پے کمیشن نے سارے پاکستان کے جو سرکاری ملازمین ہیں، انہوں نے ایک فیصلہ کرنا تھا کہ ان کی تنخواہیں بڑھائی جائیں، پاکستان کے تمام سرکاری ملازمین کی۔ پرائم منسٹر اور فنانس منسٹر نے بھی یہ وعدہ کر لیا تھا کہ یکم جنوری سے ان کی تنخواہیں بڑھائی جائیں گی لیکن جناب سپیکر، افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اب پے کمیشن نے چھ مہینے۔۔۔۔۔

سید عاقل شاہ(وزیر کھیل و سیاحت): جناب سپیکر صاحب! ثاقب صاحب والا ضروری سوال دے، د هغے جواب د منسټر صاحب ورکړی نو بیا به دا خبرے اوکړی۔ که بجلئ باندے خبرے کوی خو ټهیک ده، که نه وی نو بیا دے هغه جواب ورکړی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نه بجلئ والا نه دے کنه۔ جناب سپیکر صاحب! زما خو پوائنټ آف آرډر وو او په هغے باندے خو ما دا نه دی وئیلی چه د هغے سره Related خبره ده خو خبره دا ده چه هغوی له چا جواب ورکولو نو هغه د ورله جواب ورکړی، زۀ به بیا وروستو خبره اوکړمه۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: تۀ خبره ختمه کړه بی بی!

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نه، جناب سپیکر، اول دے ثاقب خان له جواب ورکړے شی، زۀ به بیا پاڅمه۔

جناب سپیکر: اصل کښے ایجنډا هم بلا غټه ده او دا داسے پوائنټ آف آرډر جوړیږی هم نه چه دا تاسو په کومه طریقه باندے رااوچتوئ خو چونکه د انسانی ژوند سره تړلے خبره ده، فیډرل ګورنمنټ دے خو بیا هم مونږه د دے ځائے چیف ایګزیکټیو ته د اسمبلئ د فلور نه آرډر ورکوؤ چه چیف ایګزیکټیو، دا کوم Solution چه ثاقب خان اوښودلو، هغه به د هسپتالونو د هیډز سره د مخکښے نه Tie up کوی نو بیا به په هغوی باندے بجلی بندوی۔ منسټر لاء پلیز تاسو هم جی۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ(وزیر قانون): مهربانی جی۔ د هاؤس د انفارمیشن د پاره زما خیال دے دا ضروری ده، تر څو پورے چه دا وینا اوشوه چه یره ډی ایچ کیو

ھاسپٹلز کښې جنریټرز آپریشنل نه دی نو که چرته اکا دکا وی، نور ټول آپریشنل دی او داسې هیڅ قسمه خبره نشته۔

جناب سپیکر: دوئ د پټرولو خبره اوکړه چه فیول ورسره نشته۔

وزیر قانون: دوئ دا وائی چه یره د پټرول د لاسه آپریشنل نه دی خو داسې خبره ټھیک نه ده جی، دا صحیح نه ده، دوئ د پخپله چیک کړی۔ بله دا ده چه ایچ ایم سی کښې پچاس کے وی اے نه دے، چار سو کے وی اے جنریټر دے او چار سو یا پانچ سو، نو دا چه کوم دے پراپر فنکشنل دے او هغه Automatically لګی، داسې څه پرابلم آپریشن یا دغه دوران کښې دغې لحاظ سره نه دے راغلے۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب! زهٔ آنریبل منسټر صاحب ته دا ریکویسټ کوم چه زهٔ د ایچ ایم سی ممبر یمه، دا کمپلینټ ما ته راغلے دے جی۔ د هغه ځائے چیف ایګزیکټیو ته شوے دی، دا مریضان ما ته راغلی دی نو زهٔ به ریکویسټ کومه چه داسې خبره نه ده۔ بل چه کوم جنریټر دے جی، زمونږ ریکویسټ دا دے چه په دے بحث کښې نه پریوځو۔ مونږ وایو چه چیف ایګزیکټیو سره خبره پکار ده چه وړومبے خو هسپتالونو کښې لوډ شیډنګ نه کیږی او که فرض کړه کیږی هم نو چه هغې کښې آټومیټک دوه درے سیکنډه او یو دوه منټه خامخا اخلی۔ د Anesthesia لاندے ماشوم وی، سړے وی نو دا دوه منټه دومره ضروری وی چه توره تیاره وی نو صاحبه د هغې د وجه نه، زهٔ تاسو ته بحیثیت ممبر، دا انفارمیشن ما سره دے چه هغه جنریټر It is not enough for the consumption of the Hospital۔ رش په ایل آر ایچ، خیبر او ایچ ایم سی باندے دومره زیات وی چه It is not enough او د دے نه هم زهٔ خبر یمه سر، دا ستاسو په یو میټنګ کښې هم، هم د پی اے سی کښې مونږه دا اوچت کړے وو چه چرته سامان اغستے شوے وو نو هغې کښې جنریټرے هم پرتے وے چه هغه فیول سر، تاسو هغه وخت چیئر مین وئ جی نو دا خبره چه هغې کښې نشته سر، نو I would like to dispute it because هغې کښې تاسو چیئر مین وئ، اوس دا هم زهٔ نه کوم، دا هم زهٔ ریکویسټ کوم آنریبل منسټر صاحب ته چه خبره دا نه ده چه آټومیټک دے که نه دے، دا دوه منټه، یو منټ، نیم سیکنډ هم ډیر Important

دے چہ ماشوم د Anesthesia لاندے وی۔ دوئ تہ زۂ ریکویسٹ کوم چہ پہ دے دے ملگرتیا اوکړی جی۔

جناب سپیکر: جی، دا خو دا سے ایشو دہ۔۔۔۔۔

(شور/قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: تاسو خو ټول پاخیدئ۔

سید عاقل شاہ(وزیر کھیل وثقافت): زما یو تجویز وو جی۔

جناب سپیکر: نہ، دا خو ټول پاخیدئ، تجویز۔۔۔۔۔

وزیر کھیل وثقافت: یو ضروری دغہ۔۔۔۔۔

(شور/قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: نہ نہ، ما چیف ایگزیکٹیو تہ، د بجلئ چیف ایگزیکٹیو تہ د دے ځائے نہ انسٹرکشنز ورکړو چہ د هسپتالونو د هیډز سرہ بہ کښینی او خپل پروگرام بہ ورسرہ Tie up کوی۔ کہ داسے څہ خبرہ وی نو پہ ټی بریک کښے بہ ئے بیا ډسکس کړو۔

(شور/قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: نہ حل کیږی، دا اوگورہ دا څہ کوی۔

وزیر کھیل وثقافت: جناب سپیکر صاحب! یو خبرہ کوم جی۔

جناب سپیکر: اودریږہ، لیډر آف دی اپوزیشن پاخیدلے دے، عاقل شاہ صاحب! دے پسے بہ تاسو، جی اکرم خان درانی صاحب۔

جناب اکرم خان درانی(قائد حزب اختلاف): محترم سپیکر صاحب، چہ څنگہ ثاقب خان خبرہ اوکړہ نو حقیقت دا دے جی چہ دا پہ ټولو اضلاع کښے چہ څومرہ هسپتالونہ دی نو د هر یو هم دا حال دے پورہ صوبہ کښے او کہ تاسو دا مهربانی اوکړئ، دلتہ د ټولو دا شوق دے چہ مونږ پہ بجلئ باندے خبرہ اوکړو او سبا زما پہ دے باندے یو ایډ جرنمنټ موشن هم راغلے دے، تحریک التواء مے جمع کړے دہ چہ سبا خصوصی هغہ راولئ او پہ دے هاؤس کښے صرف پہ لوډشیډنگ باندے دے ټولو تہ اجازت ورکړئ چہ ټول پرے خبرے اوکړی ځکہ چہ د دے

هاؤس يو ممبر خپلے حلقے ته نه شی تلے ، بجلی نشته خپلے ضلع ته نه شی تلے ، هلته عوام ورپسے رااوځی۔ ټرانسفارمرے سوزیدلی دی او د هغے د جوړولو هیځ قسم طریقه کار نشته دے (مداخلت) بالکل جی توره تیاره ده په دے صوبه کښے نو زما به دا گزارش وی چه د ټولو ملگرو خبره به هم اوشی او سبا تاسو په دے باندے ایډجرنمنټ موشن راولئ او سبا ټولو ته صرف او صرف په واپډا باندے اجازت ورکړئ چه د دے څه حل رااوباسو جی، دا صرف د پیښور درے هسپتالونه نه دی، زمونږ په ټوله صوبه کښے هم دا حال دے جی۔

جناب سپیکر: ډیره مهربانی جی۔ عاقل شاه صاحب! تۀ څه وائے۔

وزیر کھیل وثقافت: نه جی، بس۔۔۔۔

جناب سپیکر: بس اوشوه۔ جی نگهت بی بی، بگهت بی بی! تاسو د پے کمیشن څه خبره کوله جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، آپ کی اجازت سے عاقل شاہ صاحب سے اب اجازت لے رہی ہوں کہ ابھی میں بول سکتی ہوں؟

(قہقہے)

جناب سپیکر: بسم اللہ، بولیں جی۔ پے کمیشن کیا ہوا جی؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، یہ ایک بہت Important مسئلہ ہے اور پاکستان کے تمام سرکاری ملازمین کا مسئلہ ہے۔ پے کمیشن نے یہ کہا تھا کہ ہم سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کی رپورٹ یکم دسمبر تک Submit کر دینگے اور اس کے بعد تمام سرکاری ملازمین جو کہ انتہائی لاچاری کی عالم میں، آپ کو پتہ ہے کہ آج کل غریب کا کیا حال ہے اور سرکاری ملازم کتنی تنخواہ لیتا ہے؟ تو اس کے بعد پرائم منسٹر آف پاکستان اور وزیر خزانہ نے بھی یہ یقین دہانی کرادی تھی کہ یکم جنوری سے پاکستان کے تمام سرکاری ملازمین کی تنخواہیں بڑھائی جائینگی لیکن سر، اب معاملہ یہ ہے کہ پے کمیشن نے اس کو Linger on کر کے چھ مہینے اور آگے تک لے گئے ہیں۔ تو سر، میں یہ درخواست کروں گی آپ کی وساطت سے اس ہاؤس سے کہ اگر کوئی قرارداد یا ان سرکاری ملازمین کی حق میں کوئی ایسی بات ہو جائیں تاکہ پرائم منسٹر آف پاکستان تک بھی یہ بات پہنچ جائے اور وزیر خزانہ تک بھی یہ بات پہنچ جائے کہ سرکاری ملازمین اس وقت نہایت کسمپرسی کی حالت میں ہیں اور وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر ایسا نہ ہوا تو ہم پھر

سٹرائیک کریں گے، ہم لوگ بازاروں میں آئیں گے، ہم لوگ گلیوں میں آئیں گے تو اگر ان کو ایک وقت کا وہ دے دیا جائے، وقت دے دیا جائے تو میرے خیال میں پاکستان کے تمام ملازمین کیلئے اچھی خوشخبری ہوگی جناب عالی۔

<u>جناب سپیکر</u>: یہ سارے پارٹی لیڈرز آپس میں صلاح مشورہ کریں اور جس طرح آپ چاہیں گے تو ہم Move کریں گے۔

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

<u>Mr. Speaker</u>: Item No. 7. 'Call Attention Notices': Mr. Muhammad Javed Khan Abbasi, Mr. Muhammad Zamin Khan, Mr. Muhammad Zahir Shah, Mr. Sikander Hayat Khan, Ms. Nighat Yasmeen Orakzai, Mr. Israr Ullah Khan Gandapur Sahib, to please move their joint Call Attention Notice No. 268, in the House, one by one. Mr. Muhammad Javed Khan Abbasi Sahib, please.

میرے خیال میں اگر ایک ہی بندہ Move کرے، اگر آپ کو اعتراض نہ ہو۔

<u>جناب عنایت اللہ خان جدون</u>: سر! میں اس پہ کچھ کہنا چاہتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر</u>: کس پہ؟

<u>جناب محمد جاوید خان عباسی</u>: سر! مجھے فلور دے دیا گیا ہے، مجھے فلور دے دیا گیا ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی جاوید عباسی صاحب۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: اچھا جی۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ Thank you very much۔ جناب سپیکر، یہ ایک اہم مسئلہ ہے۔ "ہم آپ کی توجہ اس امر کی جانب مبذول کرانا چاہتے ہیں کہ سرکاری ملازمین نے عرصہ دس سال سے ریگی للمہ ٹاؤن میں پلاٹوں کے حصول کیلئے رقم جمع کرائی تھی لیکن تاحال ان ملازمین کو قبضہ نہیں دیا گیا جس کی وجہ سے ان میں بے چینی پائی جاتی ہے لہذا حکومت ان ملازمین کو کب تک قبضہ دینے کا ارادہ رکھتی ہے"۔ جناب سپیکر، یہ 1980ء-----

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور</u>: سر! میں آپ سے پوچھ رہا ہوں کہ سب پیش کریں گے کہ کیا کریں گے؟

<u>جناب سپیکر</u>: میں آپ سے یہ رائے لینا چاہ رہا ہوں کہ ایک کا پیش کرنا کافی ہے یا ون بائی ون سب کرتے ہیں؟

<u>آوازیں</u>: سب کرتے ہیں۔

جناب سپیکر: جی اسرار اللہ خان۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جی سر، تھینک یو سر۔"میں آپ کی توجہ اس امر کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ سرکاری اہلکاروں، ملازمین نے عرصہ دس سال سے ریگی للمہ ٹاؤن میں پلاٹوں کے اصول کیلئے رقم جمع کرائی تھی لیکن تاحال ان ملازمین کو قبضہ نہیں دیا گیا جس کی وجہ سے ان میں بے چینی پائی جاتی ہے لہذا حکومت ان ملازمین کو کب تک قبضہ دینے کا ارادہ رکھتی ہے"۔

جناب سپیکر: محمد زمین خان۔

جناب محمد زمین خان: ډیره مهربانی، شکریه جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، توجہ دلاؤنوٹس ہے جو ایک اہم مسئلہ ہے۔" میں آپ کی توجہ اس امر کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ سرکاری اہلکاروں، ملازمین نے عرصہ دس سال سے ریگی للمہ ٹاؤن میں پلاٹوں کے اصول کیلئے رقم جمع کرائی تھی لیکن تاحال ان ملازمین کو قبضہ نہیں دیا گیا جس کی وجہ سے ان میں بے چینی پائی جاتی ہے لہذا حکومت ان ملازمین کو کب تک قبضہ دینے کا ارادہ رکھتی ہے"۔ ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: ظاہر شاہ خان، محمد ظاہر شاہ خان۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: شکریہ جناب سپیکر۔" ہم آپ کی توجہ اس امر کی جانب مبذول کرانا چاہتے ہیں کہ سرکاری اہلکاروں، ملازمین نے عرصہ دس سال سے ریگی للمہ ٹاؤن میں پلاٹوں کے اصول کیلئے رقم جمع کرائی تھی لیکن تاحال ان ملازمین کو قبضہ نہیں دیا گیا جس کی وجہ سے ان میں بے چینی پائی جاتی ہے لہذا حکومت ان ملازمین کو کب تک قبضہ دینے کا ارادہ رکھتی ہے"۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جناب سکندر جی۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب! یہ تو ورڈنگ ہیں۔ سر، میرا مقصد اس میں یہ ہے کہ جو ورڈنگ اس میں ہیں کہ آپ کی توجہ اس طرف دلانا چاہتے ہیں۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: ہاؤس کی توجہ جی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی سکندر حیات خان۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: " جناب سپیکر، ہم آپ کی وساطت سے حکومت کی توجہ اس امر کی جانب مبذول کرانا چاہتے ہیں کہ سرکاری اہلکاروں، ملازمین نے عرصہ دس سال سے ریگی للمہ ٹاؤن میں

پلاٹوں کے اصول کیلئے رقم جمع کرائی تھی لیکن تاحال ان ملازمین کو قبضہ نہیں دیا گیا جس کی وجہ سے ان میں بے چینی پائی جاتی ہے لہذا حکومت ان ملازمین کو کب تک قبضہ دینے کا ارادہ رکھتی ہے"۔

جناب سپیکر: نگہت بی بی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: " جناب سپیکر، ہم آپ کی وساطت سے حکومت کی توجہ اس امر کی جانب مبذول کرانا چاہتے ہیں کہ سرکاری اہلکاروں، ملازمین نے عرصہ دس سال سے ریگی للمہ ٹاؤن میں پلاٹوں کے اصول کیلئے رقم جمع کرائی تھی لیکن تاحال ان ملازمین کو قبضہ نہیں دیا گیا جس کی وجہ سے ان میں بے چینی پائی جاتی ہے لہذا حکومت ان ملازمین کو کب تک قبضہ دینے کا ارادہ رکھتی ہے"۔

جناب سپیکر: گورنمنٹ کی طرف سے جی، یہ جائنٹ کال اٹینشن آئی ہے اور کافی ممبران صاحبان Stress-----

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! اگر آپ اجازت دیں تو ہم اس کی ایک ڈوپلیکیٹ بنالیں۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں بس یہ کافی ہے جی، اس پہ-----

جناب بشیر احمد بلور {سینئیر وزیر (بلدیات)}: ڈیٹیل نہیں ہوتی جی۔ دے کہ جی-----

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب۔

سینئیر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب، میں شکر گزار ہوں اپنے تمام ساتھیوں کا جنہوں نے اس بارے میں بات کی ہے اور میں آپ کی توجہ، میں ان کو ریکویسٹ یہ کر رہا ہوں کہ یہ تقریباً 1989ء کا پراجیکٹ ہے اور اس میں 4644 ایکڑ لینڈ 'ایکوائر' کی گئی تھی جس میں 26674 پلاٹ تھے جس میں سے 9907 پلاٹ پولیس کے شہیدوں کیلئے وقف کئے گئے ہیں۔ اس میں پرابلم یہ ہوا جی کہ اس کو پانچ فیز میں تقسیم کیا گیا، ون، ٹو، تھری، فور اور فائیو۔ اس میں جو ون، ٹو اور فائیو فیز ہیں تو وہ قبائل کی جو حد بندی ہے بالکل اس پہ واقع ہیں جس میں ابھی تک یہ جھگڑا ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ یہ قبائلی علاقہ ہے اور ہم کہتے ہیں کہ یہ سیٹلڈ علاقہ ہے۔ اس کی وجہ سے ہماری حکومت نے آتے ہی اس پہ تین چار میٹنگز کیں اور ہم نے پولیٹیکل ایجنٹ، کمشنر پشاور ڈویژن، پی ڈی اے اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کی ایک کمیٹی بنائی ہے جو ان کے ساتھ بات چیت کر رہی ہے اور ہم کوشش کر رہے ہیں کہ ان سے یہ قبضہ لیں۔ اس وقت سے لے کر ابھی تک قبضہ یعنی 1989ء کی بات ہے کہ اس وقت سے ابھی تک گورنمنٹ نے قبضہ نہیں لیا ہے مگر ہم انشاء اللہ کوشش کر رہے ہیں کہ قبضہ لے لیں۔ ون، ٹو اور فائیو کا جو پی سی ون بنا تھا تو وہ Seven billion

Twenty four billion کر کے پی سی ون Revise تھا اور ہم نے قبضہ اور اخراجات کو rupees کر دیا ہے تاکہ ہم ان کو پیسے دے کر اور پیسے پی ڈی اے اپنے وسائل سے دے گا تو گورنمنٹ پہ اس rupees کا کوئی بوجھ بھی نہیں آئے گا۔ سپیکر صاحب، ہم نے تقریباً یہ تین اور چار جو دو فیزز ہیں، اس پہ ہم نے آتے ہی بجلی کا کام شروع کیا ہوا ہے اور ہم نے کوشش کی، پیسکو کے چیف سے ملے، میں نے خود ٹیلیفون پہ باتیں کیں۔ سوئی گیس کے جی ایم کو سی ایم نے کمیٹی میں بلایا اور سی ایم کی زیر صدارت ہم نے ان سے ڈسکشن کی۔ پیسکو اور ان سے یہ کہا کہ چھ چھ سال ہو گئے ہیں، پانچ پانچ سال ہو گئے کہ پیسے جمع تھے، نہ بجلی کا کنکشن دے رہے تھے اور نہ ہی سوئی گیس والے ہمیں کنکشن دے رہے تھے۔ اس میٹنگ کے بعد جب ہم نے اپنے پیسے کی ڈیمانڈ کی کہ آپ کو پیسے ڈیپازٹ ہیں، سوئی گیس کے بھی ڈیپازٹ ہیں اور الیکٹرسٹی کے بھی ڈیپازٹ ہیں، کروڑوں روپیہ ڈیپازٹ ہے تو پھر ہمیں گیس اور بجلی کیوں نہیں دی جا رہی؟ سپیکر صاحب، میں اپنے ہاؤس کی معلومات کیلئے عرض کرتا ہوں کہ اس کے بعد اب خدا کا فضل ہے کہ وہاں بجلی بھی آ گئی ہے۔ ہمارے جو دو زونز ہیں، یہ زون تین اور چار میں بجلی بھی آ گئی ہے، گیس بھی آ گئی ہے، وہاں روڈ بھی بن گئے ہیں اور انشاء اللہ ہم اپریل 2010ء میں یہ پلاٹ لوگوں کو، ہمارے جتنے بھی لوگ ہیں تو ان کو انشاء اللہ ہم اپریل میں قبضہ دیں گے۔ یہ جو دو فیزز ہیں تین اور چار، ایک، دو اور پانچ پہ جھگڑا ہے، اس پہ جب تک فائنل فیصلہ نہیں ہو گا، فی الحال ہمارا اس پہ پرابلم ہے مگر اس کیلئے ہم نے پیسے مختص کر دیئے ہیں۔ جتنے بھی پیسے ہوئے تو انشاء اللہ ہم ان کو دیں گے، میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم جلد سے جلد کوشش کرتے ہیں کیونکہ 1989ء کی سکیم ہے اور ابھی تک وہ پینڈنگ ہے۔ ٹھیک ہے لوگون نے پیسے بھی دیئے ہوئے ہیں اور تکلیف بھی اٹھائی ہے مگر گیس اور بجلی کے پانچ پانچ اور دس دس سال سے پیسے جمع رہے ہیں اور نہیں ہوئے ہیں، ہماری حکومت وہاں گیس بھی لے کر آ گئے ہیں، بجلی بھی لے کر آ گئے ہیں اور روڈ بھی بن گئے ہیں تو انشاء اللہ ہم لوگوں کو قبضہ بھی دیں گے۔ Thank you jee۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں تو انشاء اللہ کب تک دیں گے جی؟

<u>سینیئر وزیر (بلدیات):</u> اپریل 2010ء تک انشاء اللہ ہم پلاٹوں کا قبضہ دیں گے۔

<u>جناب سپیکر:</u> یعنی Next month، دو مہینے بعد۔

<u>سینیئر وزیر (بلدیات):</u> جی بالکل، بالکل دو مہینے بعد انشاء اللہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ سارے فیزز کا یا صرف دو فیزز کا؟

سینیئر وزیر (بلدیات): دو فیرز کا جی۔ باقی تو میں نے آپ سے عرض کیا کہ وہاں تو ابھی تک جھگڑا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ ٹرائبل 'ٹیریٹری' ہے اور ہم کہتے ہیں کہ یہ سیٹلڈ 'ٹیریٹری' ہے۔ جیسا میں نے عرض کیا کہ اس پہ ہم نے ابھی کمیٹی بنائی ہے جس میں کمشنر صاحب ہیں، پولیٹیکل ایجنٹ صاحب ہیں، ہمارے سیکرٹری ہیں اور ڈی جی پی ڈی اے ہیں تو وہ سب بیٹھ کر اس پہ ہم کوشش کر رہے ہیں جیسا میں نے یہ عرض کیا کہ ہم نے پی سی ون بھی Revise کیا ہے اسی لئے کہ اگر ان کو کوئی پیسے دینے پڑیں تو اس کو بھی ہم دینے کیلئے تیار ہیں۔

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب! اس میں ذرا ذاتی دلچسپی لے لیں، یہ بہت غریب لوگوں کے پیسے ہیں کہ یہ کسی صورت ہمارے اور آپ کے وقت میں یہ سارے فیرز ان کو مل جائیں۔

سینیئر وزیر (بلدیات): انشاء اللہ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اسی گورنمنٹ کے سیشن، انشاء اللہ ہمارے ہی پانچ سال میں ہم ان کو۔۔۔۔

جناب سپیکر: پانچ سال تو بہت لمبا عرصہ ہے۔

سینیئر وزیر (بلدیات): دو سال تو گزر گئے ہیں، تین سال میں انشاء اللہ ہم ان کو دے دیں گے۔

(شور)

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر صاحب! انہوں نے دو فیرز کا تو کہہ دیا، باقی کے فیرز کا تو انہوں نے ابھی تک کچھ نہیں کیا اور ہمیں تسلی بخش جواب نہیں دیا، ان کو چاہیئے کہ جتنی جلدی ہو سکے کوشش کریں۔

سینیئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر! کال اٹینشن پر تو اتنی زیادہ باتیں ہو ہی نہیں سکتی جو میں نے عرض کیا، وہی گورنمنٹ کا ویو پوائنٹ ہے جو آپ کے سامنے پیش کر دیا ہے۔

جناب سپیکر: بس اس پہ کافی باتیں ہو چکی اور اس پہ ایشورنس بھی آ گئی، یہ بھی شکر ہے کہ مہینہ دو بتا دیئے، میرے خیال میں یہ بھی اچھی Achievement ہے آپ کی، تھینک یو جی۔ Syed Jafer Shah Sahib to please move his Call Attention Notice No. 269 in the House. Syed Jafer Shah Sahib.

جناب جعفر شاہ: تھینک یو۔ " جناب سپیکر، میں آپ کی توسط سے اس ایوان اور گورنمنٹ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں اور جناب والا! وہ یہ کہ بالائی سوات سپیشلی کالام، بحرین، مدین اور خوازہ خیلہ سے اوپر کے ایریا میں ان دنوں ہیپاٹائٹس سی کی بیماری ایک خطرناک صورت اختیار کر چکی ہے اور ہزاروں لوگ اس بیماری سے متاثر ہو چکے ہیں۔ جناب والا، اس سلسلے میں بذات خود میں نے ور اور ڈاکٹر

حیدر صاحب نے متعلقہ اداروں کیساتھ رابطہ بھی کیا، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس سوات اور یہاں پہ ڈی جی کے ساتھ لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ جناب والا، یہ بہت Important issue ہے اور وہاں پہ جتنے بھی ہاسپٹلز اور صحت کے ادارے ہیں تو ان میں اس بیماری کے علاج یا تدارک کیلئے کوئی سہولیات میسر نہیں ہے۔ اس سے ہزاروں انسانوں کے متاثر ہونے اور ہلاکت کا بہت خدشہ ہے لہذا محکمہ صحت کو ہدایت کی جائے کہ اس پر فوری طور پہ ایکشن لیں کیونکہ یہ انسانی مسئلہ ہے اور المیہ بن سکتا ہے جناب والا"۔

<u>جناب سپیکر:</u> آپ کا یہ ایشو تو بڑا اہم ہے لیکن ہیلتھ منسٹر صاحب نہیں ہے۔ Jee Law Minister Sahib, on behalf of Health Minister jee.

<u>جناب جعفر شاہ:</u> جناب والا! میں نے ایک عرض کرنی ہے۔ سر، کیونکہ یہ بہت Important ہے اور ہیلتھ منسٹر صاحب خود موجود ہوں اور جواب دے دیں تو اس پہ میرے خیال میں کارروائی ہو گی۔

<u>بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون):</u> ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے جو Official reply ہے وہی دوں گا۔

<u>جناب سپیکر:</u> لاء منسٹر کو ان کی Behalf پہ آپ سن تو لیں نا جی۔

<u>Mr. Jafer Shah:</u> If I was satisfied then...

<u>جناب سپیکر:</u> جی ارشد عبداللہ صاحب۔

<u>وزیر قانون:</u> اس طرح ہے جی کہ ٹی ایچ کیوز یا تحصیل ہیڈ کوارٹرز ہسپتال جو ہے تو پورے صوبے میں کہیں پر بھی یہ Facility available نہیں ہے لیکن ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال جو ہیں، وہاں پر تمام ڈسٹرکٹس میں یہ Facility available ہے۔ اسی طرح جی سیدو شریف کا جو ٹیچنگ ہاسپٹل ہے تو وہاں پر یہ Facility ہے اور گزشتہ چار پانچ سال سے ہے۔ ابھی تک وہاں پر ہیپاٹائٹس سی کے 876 اور ہیپاٹائٹس بی کے 234 کیسز رجسٹرڈ ہو چکے ہیں، ان کا علاج معالجہ چلا آرہا ہے اور 2006ء سے اب تک 270 مریضوں کا مفت علاج ہوا ہے اور اس کے علاوہ سر، ملک میں جنرلی ہیپاٹائٹس بی کی شرح 2.5 فیصد اور ہیپاٹائٹس سی کی شرح 4.5 فیصد ہے۔ اس کیلئے صوبائی حکومت اور فیڈرل گورنمنٹ دونوں کی طرف سے مختلف پروگرامز شروع ہیں جس میں "Prevention and Control of Hepatitis" جو ہے 2009ء سے 2012ء تک پراونشل گورنمنٹ کا ایک پروگرام ہے جس کیلئے 360 ملین روپے ایلوکیٹ کئے گئے ہیں اور اس سے انشاء اللہ 8500 مریضوں کا علاج ہو گا۔ اس کے علاوہ وزیر اعظم پاکستان نے بھی "Prevention and Control of Hepatitis" کا پانچ سالہ پروگرام 13.783 بلین روپے

سے شروع کیا ہوا ہے، انشاء اللہ اس سے بھی کافی فرق پڑے گا۔ تو ابھی مسئلہ جو ہے ان کا کہ یہ This is، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہاسپٹلز میں بھی ہے، پورے صوبے میں ہے اور اس میں کوئی Discrimination as such نہیں ہے تو یہی صورت حال ہے جی پورے صوبے کی۔

جناب سپیکر: جعفر شاہ صاحب! یہ اگر سارے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہاسپٹلز میں جس طرح لاء منسٹر صاحب بتارہے ہیں چھوٹے ہاسپٹلز میں تو شاید ہاسپٹلز کا۔۔۔۔

Mr. Jafer Shah: Even Sir, district…

جناب سپیکر: جی بسم اللہ۔

جناب جعفر شاہ: ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہاسپٹلز کا، Thank you very much لاء منسٹر صاحب لیکن ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہاسپٹل سیدو شریف میں ایک بندہ جب آتا ہے تو وہ اپنی باری کا انتظار کرتے کرتے مر جاتا ہے تو I would request the Chairman Standing Committee on Health, he should throw light on this. کیونکہ یہ بہت Concerned ہے، He is What is the reality Sir, ڈاکٹر حیدر صاحب اس کے چیئرمین ہیں تو یہ بتائیں۔ Doctor also if you allow him.

جناب سپیکر: جی ڈاکٹر حیدر علی صاحب! آپ تو چیئرمین ہیں ہماری سٹینڈنگ کمیٹی کے، سوات کی کیا پوزیشن ہے؟ یہ اتنا لمبا چوڑا تو جواب آیا ہے، جی۔

ڈاکٹر حیدر علی: ډیره مننه، ډیره مننه۔ جناب سپیکر صاحب، زهٔ په ډیر ادب سره د لاء منسټر صاحب د دے اعداد و شمار سره اتفاق نه لرم ځکه چه د دوئ کوم 2.5 یا چار اعشاریه Something دوئ Percentage بیانوی۔ دلته په دے صوبه کښے زما په خیال هیپاټائټس د دے صوبے یو داسے Silent epidemic شکل اختیار کړے دے، د خاموش وباء په صورت کښے۔ دا د ډیر وخت نه په دے باندے بار بار د اسمبلئ په فلور باندے قرارداد ونه راغلل۔ د سټینډنګ کمیټو په اجلاسونو کښے هم مونږ بار بار دے طرف ته توجه راګرځولے ده۔ ما په خپله علاقه کښے پخپله سروے کړے ده، په بعضے کلو کښے د دے شرح د اتیاوو (80) فیصدو نه زیاته ده۔ دا دوئ چه کوم ویټنګ لسټ بیانوی چه دوه سوه کسان په ویټنګ لسټ دی۔ زما د اطلاع مطابق په زرګونو خلق د تیرو لسو کالو نه په ویټنګ لسټ باندے دی او چه د هغوی نمبر راځی نو هغه د هغے نه مخکښے سنبهال شوی

وی۔ نو مهربانی د او کړی په War footings باندے دے د صحت محکمه دا خبره هینډل کړی، دے ته د توجه ورکړی او دا دے صحیح طریقے سره ایډریس کړی۔ دا داسے یو مرض دے څکه چه دا زیات په غریبانو کښے دے او د دے علاج ډیر Expensive دے او اوسطاً په یو مریض باندے د دیرش زرو نه واخله د یو نیم لاکھ روپو پورے خرچه راځی د دے په انجکشنز، نو نه ئے Preventive measures شته چه دا د اوبو نه خوریږی او د کومو سره به بچ کیږی، پکار دا ده چه د دے ټهیک طریقے سره هغه او شی۔

جناب سپیکر: جناب بشیر بلور صاحب! دا لږ ډیره زیاته اهم ایشو ده، تاسو به لږ-----

محترمه نورسحر: جناب سپیکر صاحب! زهٔ څه وئیل غواړم۔

جناب سپیکر: ډیبیټ په دے نه کیږی بی بی۔

محترمه نورسحر: ډیبیټ نه جی، یو پوائنټ کلیئر کول غواړم۔

جناب سپیکر: نو هم دا ډیبیټ شو کنه، دا جواب ورکول دی۔ زمونږ د هیلتھ سټینډنګ کمیټئ مشر هم د دے نه مطمئن نه دے۔ لاءمنسٹر صاحب ته خو چه کوم ډیپارټمنټ،

محترمه نورسحر: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: تهٔ بی بی یو منټ کښینه، زهٔ ستاسو په ځائے لګیا یم کنه۔

محترمه نورسحر: یو خبره کوم۔

جناب سپیکر: تهٔ کښینه جی، دا دوئ چه کوم اعداد و شمار ورکړل، Mover او زمونږ د سټینډنګ کمیټئ چیئرمین مطمئن نه دے نو دا دوئ وائی چه په War footing باندے هلته څه کول پکار دی، دوه څلور سوه څومره کیسز دغه شوی دی جی؟

ډاکټر حیدر علی: په زرګونو خلق په ویټنګ لسټ باندے دی او د ډیرو-----

جناب سپیکر: دا په منګوره کښے، په سیدو هاسپټل-----

ڈاکٹر حیدر علی: دا د سیدو گروپ آف هاسپټل په ویټنگ لسټ باندے تاسو کنفرم کولے شئ۔

جناب سپیکر: دوئ دا وائی چه په ویټنگ لسټ په زرگونو خلق د دے ویکسین د پاره-----

ڈاکٹر حیدر علی: او د هغے نه علاوه که یو سروے او شی، یو ریسرچ اوشی او د دے وجوهات معلوم کړے شی چه اخر د کومے وجه نه دا مرض دومره زیات په تیزئ سره خوریږی۔

جناب سپیکر: جی بسم اللہ بشیر بلور صاحب۔

سینئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب! ډاکټر صاحب او دا جعفر شاه صاحب به کښینی او مونږ به خبره اوکړو چه هر څه ورته کیدے شی نو Immediately به انشاء اللہ کوؤ۔ دوئ سره به کښینو او دا سیکریټری صاحب به کښینوؤ او د هیلتھ ډائریکټر هم او چه دوئ څه وائی نو هم هغه شانتے به انشاء اللہ اوکړو۔

جناب سپیکر: د ے نه پس جی خامخا چه ضرور کښینئ، بی بی! تۀ هم ورسره کښینه چه د ے باندے، تاسو هم کښینئ۔

سینئر وزیر (بلدیات): بالکل جی بالکل، د سیشن نه پس به کښینو او بیا به په د ے باندے فیصله اوکړو۔

مجلس قائمہ کی رپورٹ کا پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Mr. Fazlullah Sahib, Chairman Standing Committee No. 11, on Environment, to please move for adoption of the report of the Committee, already presented in the House, on 06-01-2010. Mr. Fazlullah Khan.

Mr. Fazlullah. Thank you Janabe Speaker. Sir, I beg to move that the report of Standing Committee No. 11, on Environment Department, as presented in the House on 6th January 2010, may be adopted.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the report of Standing Committee No. 11, on Environment, may be adopted? Those who are in favour of it may say ‘Aye’.

Voices: ‘Yes’.

Mr. Speaker: Those against it may say ‘No’.
Voices: ‘No’.
Mr. Speaker: Those who are in favour of it may stand up, please.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جناب سپیکر صاحب! اگر وہاں پر رپورٹ میں وہ Agree ہیں اور یہاں پر وہ Oppose کر رہے ہیں تو ہمیں وجوہات بتادیں؟

جناب سپیکر: جی واجد علی خان۔

جناب واجد علی خان (وزیر ماحولیات): محترم سپیکر صاحب، دوئ چه دا کوم رپورټ پیش کړے دے نو دا یو پرائیویټ هیچری ده چه د هغے زما خیال دے چه اووه اتۀ کاله مخکښے په هغے کښے چا Poison اچولی وو، که څه چل شوے وو۔ په هغے کښے تړاوټ مهی چه دی، د هغے پرائیویټ اونر چه دی نو هغه مړه شوے دی۔ نو پکار خو دا وه چه هغوی په هغه ټائم کښے پولیس ته رپورټ کړے وے، هغوی په چا باندے ذمه داری Fix کړے وے نو اوس د دوئ چه دا کوم رپورټ د کمیټۍ راغے نو په هغے کښے چهیاسی لاکھ روپۍ دی چه هغه به حکومت ورکوی، نو پرائیویټ اونر ته به حکومت دا پیسے د کوم مد نه ورکوی، د کوم ځائے نه به ئے ورکوی او څنګه به ئے ورکوی؟ نودا به سبا د پرائیویټ خلقو Damages کیږی او هغه به راځی حکومت ته، نو حکومت به هغه Damages څنګه پوره کوی جی؟

جناب سپیکر: دا تاسو دوئ سره په کمیټۍ کښے منلے نه وه؟

وزیر ماحولیات: چا منلے ده جی، زۀ خو-----

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جناب سپیکر صاحب! ہاؤس سے رپورٹ پر اعتراض نہ ہونے پر مثبت قرار دیا تو سر، اس کی سمجھ نہیں آتی، باقی تو منسٹر صاحب جیسے بات کر رہے ہیں لیکن نمبر سات میں ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ کمیٹی نے محکمہ کی طرف سے رپورٹ پر اعتراض نہ ہونے پر مثبت قرار دیا۔

جناب سپیکر: بات ایسی ہے ناکہ دونوں Ready ہو جائیں، میں تو ہاؤس کو Put کر رہا ہوں۔ اب اگر گورنمنٹ Oppose کرتی ہے تو Oppose کریں، اگر Accept کرتے ہیں تو وہ کریں۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی عبدالاکبر خان! څه ټیکنیکل رائے، څه ده پکښے؟

جناب عبدالاکبر خان: سر، میں یہ Suggestion لیکر، یہ پہلی دفعہ آیا ہے کہ ایک کمیٹی کی رپورٹ کو Negate کیا جارہا ہے تو میرے خیال میں پہلے اس کو فی الحال پینڈنگ کردیں اور پھر اس کا کوئی حل نکالیں گے۔ یہ برا لگے گا کہ کمیٹی کی اپنی رپورٹ کو ہاؤس Reject کرے گا۔

Mr. Speaker: Okay, okay Ji. This is pending for further negotiation with Government and the Committee.

محکمہ داخلہ و قبائیلی امور سے متعلق مجلس قائمہ کی رپورٹ کی منظوری کیلئے تحریک کا پیش کیاجانا

Mr. Speaker: 'Item No. 9': Mr. Shah Hussain Khan, Chairman Standing Committee No. 13, on Home and Tribal Affairs, to please move for adoption of the report of the Committee, already presented in the House on 09-01-2010. Shah Hussain Sahib.

Mr. Shah Hussain Khan: Thank you. Mr. Speaker, I beg to move that the report of Standing Committee No. 13, on Home and Tribal Affairs Department, as presented in the House on 9th January 2010, may be adopted.

Mr. Speaker. The motion before the House is that the report of Standing Committee No. 13, on Home and Tribal Affairs, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: 'Ayes' have it. The report is adopted.

(Interruption)

Mr. Speaker: Mr. Sikandar Hayat Khan Sherpoa, to please start discussion on Question No. 651, already admitted for discussion.

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: جناب سپیکر صاحب! زۀ یو ریکویسټ کول غواړمه جی۔ دا دواړه دغه دی یو دا زکواۀ والا کوئسچن دے او یو دا سوات والا دغه دے۔ هغه بله ورځ مونږه د سوات دا کوم ری کنسټرکشن والا څیز چه وو، هغه ډیفر کړے وو۔ زما به دا دغه وی چه که دا مونږه مخکښے اوچت کړو نو دا به لږ بهتره وی۔

جناب سپیکر: دا خو د مونږ ټائم هم دے، زۀ خو هاؤس، ټول مونږخونو له روان دی۔

ضروری دے جی، ٹھیک دہ جی۔اجلاس کو مورخہ 22جنوری بروز جمعہ چار بجے سہ پہر تک ملتوی کیاجاتاہے۔

(اسمبلی کااجلاس بروز جمعہ مورخہ 22جنوری 2010ء سہ پہر چار بجے تک کیلئے ملتوی ہوگیا)